# 11-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ریاست کے صنعتی شعبہ کوفروغ دینے کے لئے ایک علیحدہ ریلوے کوریڈور کی ضرورت پرزوردیا۔

۲۔ریاستی وزیرزراعت تو ملاناگیشورراؤ نے کہاہے کہ تلنگانہ ملک میں بیجوں کامرکز بن گیا ہے۔

۳۔وزیرجنگلات کونڈا اسریکھا نے محکمہ جنگلات کے شہدائ کے خاندانوں کو پولیس شہدائ کے خاندانوں کی طرح سہولتیں فراہم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔

اور

۴۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ حکمرانی میں ناکام ہوگئی ہے۔

WEATHER:

حیدرآباد کے دفتر موسمیات نے آئندہ پانچ دن کے دوران تلنگانہ کےکئی اضلاع میں شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست کے کئی اضلاع میں شدید بارش ہوسکتی ہے۔آئندہ پانچ دن کے دوران اکادوکا مقامات پرگرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ریاست میں جنوب مغربی مانسون سرگرم ہے۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران عادل آباد میں چند مقامات پر اور بھدرادری کوتہ گوڑم ، جوگولامبا گدوال، کاماریڈی، کھمم ،ملگو اورنرمل اضلاع میں اکادوکا مقامات پرشدید بارش ہوئی۔اسی مدت کے دوران ریاست میں بیشتر مقامات پر بارش ریکارڈ کی گئی۔آج دوپہر حیدرآباد کے مضافات میں شدید بارش ہوئی۔اس دوران میدک ضلع میں بھاری بارش ریکارڈ کی گئی۔ضلع ہیڈکوارٹر پرصرف ساڑھے تین گھنٹوں

میں 13 سنٹی میٹر بارش ہوئی۔ ونپرتی ضلع کے پنگل منڈل میں 61.3 ملی میٹر اور رنگاریڈی ضلع کے چیوڑلہ میں 60.8 ملی میٹر بارش ہوئی۔

GHMC:

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے کمشنر آروی کرنن نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سرورنگر تالاب میں گنیش کی مورتیوں کے وسرجن کے بعد صفائی کے لئے اقدامات کریں۔عہدیداروں کو پانی کے معیار کو بہتر بنانے کی ہدایت دی گئی۔ایل بی نگر کے زونل کمشنر ہیمنت کیشو پاٹل اور اسسٹنٹ کمشنر سینی ٹیشن رگھو پرساد کے مطابق کمشنر نے صفائی کیلئے مستقل کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

TUMMALA:

ریاستی وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کہا ہے کہ تلنگانہ ملک میں بیجوں کا مرکز بن گیا ہے۔ملک میں بیجوں کی 60 فیصد ضرورت کی تکمیل تلنگانہ کررہا ہے۔اس کے علاوہ ریاست سے 20 سے زائد ممالک کو بیج برآمد کئے جارہے ہیں۔ حیدرآباد میں آج انڈیا۔آفریقہ سیڈ سمٹ 2025ء میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے وزیر زراعت نے کہا کہ اس کانفرنس کا مقصد صرف تجارت نہیں ہے بلکہ اِس کے ذریعہ اعتماد پیدا کرنے، سائنٹفک علم کو باٹنے اور پائیدار زراعت کیلئے مل جل کر کام کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سبز انقلاب کے ذریعہ غذائی اجناس میں خودکفیل بننے والا پہلا ملک ہے۔اس کی کامیابی میں معیاری بیجوں نے اہم ادا کیا ہے۔تلنگانہ کی ترقی کو نمایاں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسان، تحقیق کرنے والے اور کمپنیاں انڈیا آفریقہ شراکت کے ذریعہ وسیع تر مواقع سے استفادہ کرسکتے ہیں۔انہوں نے کانفرنس نے سیڈ ڈپلومیسی کے ذریعہ بھارت اور آفریقہ کے درمیان زرعی تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔

CM-RAILWAY:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس میں ریاست میں زیرالتوا ریلوے پروجیکٹ کا جائزہ لیااور مستقبل کی ضروریات کی تکمیل کیلئے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کی۔ چیف منسٹر نے وقارآباد کرشنا ریلوے لائن کے کام میں تیزی لانے کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کے صنعتی شعبہ کوفروغ دینے کے لئے ایک علیحدہ ریلوے کوریڈور کی ضرورت ہے۔انہوں نے مجوزہ گرین فیلڈ ہائی وے کے ساتھ بھارت فیوچرسٹی سے براہ امراوتی بندرپورٹ تک ایک خصوصی ریلوے لائن کی تجویز پیش کی۔ٹرانسپورٹ کیلئے ایک طویل مدتی منصوبہ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ تلنگانہ کیلئے ایک ریجنل رنگ ریل کی ضرورت ہے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ بڑھتی ہوئی ضروریات کی تکمیل کیلئے زائد ریلوے لائنوں کی تجاویز کا جائزہ لیں۔

PONGULETI:

ریاستی وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہاہے کہ تلنگانہ پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کو یقینی بناتے ہوئے پورے ملک کیلئے ایک مثال بن جائے گا۔انہوں نے کاماریڈی میں 15 ستمبر کو ایک بھاری جلسہ عام کیلئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ان کے ہمراہ دیگر وزرأ انا سویا سیتااکا، کونڈا سریکھا، واکاٹی سری ہری اورووِیک وینکٹ سوامی موجود تھے۔ان قائدین نے کہا کہ کانگریس حکومت کمزورطبقات کی فلاح و بہبود کے عہد کی پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے دوران کاماریڈی میں کئے گئے وعدہ کے مطابق حکومت نے ذات پات کی مردم شماری کرائی ہے۔

MARTYRS'DAY:

محکمہ جنگلات کے شہدأ کی یاد میں آج تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔ وزیر جنگلات و ماحولیات کونڈا سریکھا نے تلنگانہ کے 22 فاریسٹ عہدیداروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ جنہوں نے جنگلات اور جنگلی

جانوروں کا تحفظ کرتے ہوئے اپنی جانیں قربان کردی۔ اس پروگرام کا اہتمام حیدرآباد کے نہروزوالوجیکل پارک میں کیا گیا۔تلنگانہ کے محکمہ جنگلات کے عملہ کی جرأت مندی کی ستائش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جنگلات کے عہدیدار مشکل حالات میں اپنی جانوں کو جوکھم میں ڈالتے ہوئے اپنے فرائض ادا کررہے ہیں۔انہوں نے اعلان کیا کہ وہ چیف منسٹر سے سفارش کریں گی کہ محکمہ جنگلات کے شہدأ کے خاندانون کو پولیس شہدأ کے خاندانوں کی طرح سہولتیں فراہم کی جائیں۔اس میں بچوں کیلئے تعلیمی امداد بھی شامل ہوگی۔ وزیر جنگلات نے جنگلات کے عہدیداروں کو نمایاں خدمات کیلئے دئے جانے والے ایوارڈس کی تجدید کی بھی تجویز پیش کی۔ چیف سکریٹری راما کرشنا راؤنے شہدأ کوخراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ محکمہ جنگلات کے ملازمین دوردراز کے علاقوں میں خدمات انجام دیتے ہیں اورانہیں اکثر اسمگلرس اور جنگلی جانوروں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔اس پروگرام میں ماحولیات اور جنگلات کے پرنسپل سکریٹری احمد ندیم اورڈی جی پی ڈاکٹر جتندر نے شرکت کی۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کانگریس حکومت پر الزام لگایا ہے کہ اس نے گروپ ون امتحانات میں بے قاعدگیوں کے ذریعہ بے روزگار نوجوانوں کو دھوکہ دیا ہے۔ انہوں نے مبینہ دھاندلیوں کی عدالتی تحقیقات اور شفاف انداز میں امتحان کے دوبارہ انعقاد کا مطالبہ کیا۔ کے ٹی آر نے طلبہ کی جانب سے لگائے ان الزامات پر برہمی کا اظہار کیا ہے کہ ملازمتوں کیلئے بھاری رقومات کا مطالبہ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے کھلے بازار میں ملازمتوں کی نیلامی کی ہے۔انہوں نے اِس معاملہ پر مباحث کیلئے خصوصی اسمبلی سیشن کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اس صورتحال کیلئے کانگریس حکومت ہی ذمہ داری ہے۔

LIGHTING

تلنگانہ کے جوگولامبا گدوال اورنرمل اضلاع میں کل بجلی گرنے کے دو الگ الگ واقعات میں 6 افراد ہلاک اور تین زخمی ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ مہلوکین زرعی مزدور تھے۔ یہ واقعات بارش کے دوران پیش آئے۔ جوگولامبا گدوال ضلع کے آئیزا منڈل میں ایک درخت کے نیچے کھڑے ہوئے تین افراد بجلی گرنے سے ہلاک ہوگئے۔ اس واقعہ میں مزید تین افراد زخمی ہوئے جنہیں ہاسپٹل میں شریک کیا گیا ہے۔نرمل ضلع کے پیمبی پولیس اسٹیشن کے حدود میں پیش آئے ایک اورواقعہ میں بجلی گرنے سے تین افراد ہلاک ہوگئے۔ مہلوکین میں ایک شخص اوراس کی بیوی شامل ہیں۔

NADDA

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے ریاست میں ڈینگو اور ملیریا کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا تاکہ ریاستوں کی جانب سے کیئے جارہے احتیاطی اقدامات کو مستحکم بنایا جاسکے۔ جائزہ اجلاس کے دوران نڈا نے ڈینگواور ملیریا کی روک تھام میں درپیش اہم چیلنجوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے ریاستوں، مجالس مقامی اور طبقات پر زور دیا کہ وہ احتیاطی اقدامات کو تیز کرے۔صحت عامہ کے تحفظ کیلئے موجودہ موسم کے دوران احتیاطی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ملک میں ملیریا کے 78 فیصد سے زیادہ کیسس کم کردئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 2015 اور 2024ء کے درمیان ملیریا سے ہونے والی اموات میں 78 فیصد کی کمی آئی ہے۔

BJP

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کانگریس حکومت پرتنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ حکمرانی میں ناکام ہوگئی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت اہم شعبوں کونظرانداز کررہی ہے۔ وہ تلنگانہ جرنلسٹ یونین کی جانب سے منعقدہ میٹ دی پریس پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا

کہ کانگریس حکومت اپنے 6 انتخابی وعدوں کی تکمیل میں ناکام ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے 100 دن میں ان وعدوں کو پورا کرنے کا تیقن دیا تھا لیکن 22 مہینوں کے بعد بھی ان وعدوں کو پورا نہیں کر پائی ہے۔رام چندر راؤ نے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ غیر ملکی دوروں پر پیسہ ضائع کر رہی ہے جبکہ ان دوروں سے کوئی ٹھوس سرمایہ کاری حاصل نہیں ہو رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جی ایچ ایم سی کے تحت انفرااسٹرکچر ٹھپ پڑ گیا ہیے۔

Mulugu

محکمہ جنگلات کے شہدائ کی یاد میں آج ملگو ضلع میں محکمہ جنگلات کے دفتر میں خون کے عطیہ کا کیمپ منعقد کیا گیا۔ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر راہول کشن جادھو کی قیادت میں محکمہ جنگلات کے عملہ نے شہدائ کو خراج عقیدت پیش کیا۔اِس موقع پر راہول کشن جادھو نے خطاب کیا۔

Sound Byte.

OO